# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL HERITAGE AND CULTURE DIVISION ON THE NATIONAL FUND FOR CULTURE HERITAGE (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Chairperson of the Standing Committee on National Heritage and Culture Division, have the honor to present this report on the Bill further to amend the National Fund for Culture Heritage Act, 1994 (VIII of 1994) [The National Fund for Culture Heritage (Amendment) Bill, 2025] (Government Bill), referred to the Standing Committee on 27th November, 2025.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Syeda Nosheen Iftikhar** | **Chairperson** |
| 2. | Ms. Shaista Khan | Member |
| 3. | Ms. Shahnaz Saleem Malik | Member |
| 4. | Ms. Rabia Naseem Farooqi | Member |
| 5. | Ms. Samar Haroon Bilour | Member |
| 6. | Ms. Saeeda Jamshid | Member |
| 7. | Ms. Ghazala Anjum | Member |
| 8. | Ms. Saira Tarar | Member |
| 9. | Ms. Mahtab Akbar Rashdi | Member |
| 10. | Makhdoom Jamil Uz Zaman | Member |
| 11. | Ms. Natasha Daultana | Member |
| 12. | Ms. Saba Talpur | Member |
| 13. | Mr. Zahoor Hussain Qureshi | Member |
| 14. | Mr. Sanjay Perwani | Member |
| 15. | Mr. Sajid Khan | Member |
| 16. | Mr. Zulfiqar Ali | Member |
| 17. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 18. | Mr. Khurram Shahzad Virk | Member |
| 19. | Ms. Naeema Kishwer Khan | Member |
| 20. | Mr. Aurangzeb Khan Khichi<br>Minister for National Heritage and Culture Division | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **"Annexure-A"**, in its meeting held on 16-12-2025 and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the National Assembly.

Sd/-

**(SYEDA NOSHEEN IFTIKHAR)**
Chairperson
Standing Committee on National Heritage and Culture Division

Sd/-

**(SAEED AHMAD MAITLA)**
Acting Secretary
Islamabad, 19th January, 2026

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

**Bill**

further *to amend the National Fund for Culture Heritage Act, 1994*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the National Fund for Culture Heritage Act, 1994 (VIII of 1994), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act shall be called the National Fund for Culture Heritage (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act No. VIII of 1994.**- In the National Fund for Culture Heritage Act, 1994 (VIII of 1994), hereinafter referred to as "the said Act", in section 2, after clause (a), the following new clause shall be inserted, namely: -

"(aa) "Division concerned" means the Division to which business of the Act stands allocated.".

3. **Amendment of section 6, Act No. VIII of 1994.**- In the said Act, in section 6,-

(i) in sub-section (1), for clauses (a) to (f), the following shall be substituted, namely: -

| | | |
|---|---|---|
| "(a) | Minister in charge of the Division concerned | Patron |
| (b) | Secretary, Ministry/Division concerned | Member |
| (c) | Joint Secretary, Ministry / Division concerned | Member |
| (d) | Financial Advisor of the Ministry of Finance and Revenue | Member |
| (e) | Director General, Federal Department of Archaeology and Museums | Member |
| (f) | Ten eminent persons in the field of Archaeology and National Heritage from private sector nominated by Ministry/ Division concerned | Members |

(ii) after sub-section (1), as amended above, the following new sub-section (1A) shall be inserted, namely: -

"(1A) The Secretary and the Joint Secretary of the Division concerned shall also act as the treasurer and Secretary of the Division concerned, respectively."; and

(iii) in sub-section (2), for the words "Federal Government", the words "Minster-in-charge of the Division concerned" shall be substituted.

4. **Amendment of section 8, Act No. VIII of 1994.-** In the said Act, in section 8, in sub-section (2), for the words "Federal Government" the words "Division concerned" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The National Fund for Cultural Heritage Act, 1994 was enacted in 1994 by the then Ministry of Culture and re-enacted through the National Fund for Cultural Heritage (Amendment) Ordinance, 2002. The objective of the fund is to promote the conservation and preservation of national heritage of Pakistan through various means, including financial and technical assistance, and to create awareness amongst the people for appreciating the preservation of archaeological, architectural, historical and cultural heritage of Pakistan as per NFCH Act, 1994.

2. In pursuance of the instructions of the Cabinet Division dated 13th May, 2025 regarding the substitution of the term "Federal Government" with the appropriate authority in relevant laws and rules, this Division proposed necessary amendments to specific provisions of the National Fund for Cultural Heritage Act, 1994. Accordingly, the draft amendments were submitted to the Ministry of Law and Justice for vetting. Ministry of Law & Justice vetted the draft amendments. Subsequently, the Cabinet Committee for Disposal of Legislative Cases (CCLC) approved the proposed amendments in its meeting held on 08.10.2025 under case No.CCLC-133/22/2025 and the decision of the CCLC was ratified by the Federal Cabinet, under Case No.192/22/2025 dated 16.10.2025.

3. The Bill seeks to achieve the aforesaid object and is therefore submitted for enactment by the Parliament.

**(Aurangzeb Khan Khichi)**
Federal Minister
National Heritage and Culture Division

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن کی رپورٹ

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن، ۲۷ نومبر ۲۰۲۵ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ ایکٹ ۱۹۹۴ء، (۸ مجریہ ۱۹۹۴ء) [قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ (ترمیمی) بل ۲۰۲۵ء] میں مزید ترمیم کرنے کے بل پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | سیدہ نوشین افتخار | چیئرپرسن |
| ۲۔ | محترمہ شائستہ خان | رکن |
| ۳۔ | محترمہ شہناز سلیم ملک | رکن |
| ۴۔ | محترمہ رابعہ نسیم فاروقی | رکن |
| ۵۔ | محترمہ ثمر ہارون بلور | رکن |
| ۶۔ | محترمہ سعیدہ جمشید | رکن |
| ۷۔ | محترمہ غزالہ انجم | رکن |
| ۸۔ | محترمہ سائرہ تارڑ | رکن |
| ۹۔ | محترمہ مہتاب اکبر راشدی | رکن |
| ۱۰۔ | مخدوم جمیل الزمان | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ تماشا دولتانہ | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ صبا تالپور | رکن |
| ۱۳۔ | جناب ظہور حسین قریشی | رکن |
| ۱۴۔ | جناب کھیئل داس کوہستانی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ساجد خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب ذوالفقار علی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۸۔ | جناب خرم شہزاد ورک | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ نعیمہ کشور خان | رکن |
| ۲۰۔ | جناب اورنگزیب خان کھچی<br>وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۶ دسمبر ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں، "ضمیمہ۔الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(سعید احمد میتلا)
قائم مقام سیکرٹری
اسلام آباد، ۱۹ جنوری، ۲۰۲۶ء

دستخط/۔
(سیدہ نوشین افتخار)
چیئرپرسن
قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن

منسلکہ الف

[ قائمہ کمیٹی کی طرف سے پیش کردہ صورت میں ]

# قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ ایکٹ، ۱۹۹۴ء
# میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے، بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ ایکٹ، ۱۹۹۴ء (۸ بابت ۱۹۹۴ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

**۱۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**۲۔ ایکٹ نمبر ۸ بابت ۱۹۹۴ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ ایکٹ، ۱۹۹۴ء (۸ بابت ۱۹۹۴ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ ''مذکورہ ایکٹ'' کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ میں، شق (الف) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(الف الف) ''متعلقہ ڈویژن'' سے ڈویژن مراد ہے جسے ایکٹ کے امور مختص کیے گئے ہیں؛

**۳۔ ایکٹ نمبر ۸ بابت ۱۹۹۴ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ میں،۔

(اوّل) ذیلی دفعہ (۱) میں، شقات (الف) تا (د)، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | متعلقہ ڈویژن کا وزیر انچارج | سرپرست |
| (ب) | سیکرٹری، متعلقہ وزارت/ڈویژن | رکن |
| (ج) | جوائنٹ سیکرٹری متعلقہ وزارت/ڈویژن | رکن |
| (د) | وزارت خزانہ و محاصل کا مالی مشیر | رکن |

| | | |
|---|---|---|
| (ہ) | ڈائریکٹر جنرل، وفاقی محکمہ آثار قدیمہ و میوزیمز | رکن |
| (و) | نجی شعبے سے آثار قدیمہ اور قومی ورثہ کے شعبے سے دس ممتاز اشخاص جسے متعلقہ وزارت یا ڈویژن نامزد کرے | اراکین |

(دوم) مذکورہ بالا طور پر، ترمیم کردہ ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱الف) متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری اور جوائنٹ سیکرٹری بالترتیب، متعلقہ فنڈ کے خزانچی اور سیکرٹری کے طور پر بھی کام کریں گے"؛ اور

(سوم) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "وفاقی وزیر" کو، الفاظ "متعلقہ ڈویژن کا وزیر انچارج" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۱۹۹۴ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ ایکٹ، ۱۹۹۴ء کا قانون اس وقت کی وزارت ثقافت کی جانب سے ۱۹۹۴ء میں وضع کیا گیا تھا اور اس قانون کو قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء کے ذریعے دوبارہ وضع کیا گیا۔ فنڈ کا مقصد مختلف ذرائع سے حصول مالیاتی معاونت کے ذریعے پاکستان کے قومی ورثہ کے تحفظ دینے اور محفوظ بنانے کو فروغ دینا ہے، اور NFCH ایکٹ، ۱۹۹۴ء کے مطابق پاکستان کے آثار قدیمہ، تعمیراتی، تاریخی اور ثقافتی ورثہ کے تحفظ کو سراہتے ہوئے لوگوں میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔

۲۔ کابینہ ڈویژن کی مورخہ ۱۳ مئی، ۲۰۲۵ء کی ہدایات کی پیروی میں، جو کہ تمام قوانین اور قواعد میں اصطلاح "وفاقی حکومت" کو موزوں اتھارٹی سے تبدیل کرنے سے متعلق ہے، اس ڈویژن نے قومی فنڈ برائے ثقافتی ورثہ ایکٹ، ۱۹۹۴ء کے مخصوص احکامات میں ضروری ترامیم کی تجویز دی ہے۔ بعد ازاں، مسودہ ترامیم وزارت قانون و انصاف کو جانچ پڑتال کرنے کے لیے بھیجا گیا۔ وزارت قانون و انصاف نے مسودہ ترامیم کی جانچ پڑتال کی۔ بعد ازاں، کابینہ کمیٹی برائے قانونی معاملات کا تصفیہ (CCLC) نے کیس نمبر سی سی ایل سی۔۲۰۲۵ء/۲۲/۳۳ کے تحت ۲۰۲۵ء/۱۰/۰۸ کو اپنے منعقدہ اجلاس میں منظوری دی۔ اس کے بعد وفاقی کابینہ نے کیس نمبر۔ ۱۹۲/۲۲/۲۰۲۵ء مورخہ ۲۰۲۵ء/۱۰/۲۱ کے تحت، سی سی ایل سی کے فیصلے کی توثیق کی۔

۳۔ بل مذکورہ بالا مقصد کے حصول کا متلاشی ہے اور اسی لیے پارلیمنٹ سے منظوری وضع کرنے کے لیے پیش کیا گیا ہے۔

ابتدائیہ

(اورنگ زیب خان کھچی)

وفاقی وزیر

قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن